20بیڈز پر مشتمل عارضی ہسپتال میں 32رکنی عملہ ذمہ داریاں نبھارہا ہے

- ایونٹ کے ہیش ٹیگز #HBL #HBLPSLV #Tayyarhain ہیں
- تمام میڈیا ہاوسز سے درخواست ہے کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل سے متعلق کسی بھی خبر میں ایونٹ کا مکمل ٹائٹل درج کریں

لاہور، 5مارچ2020ء:

ایچ بی ایل پاکستان سپر لیگ 2020 کے لیے 20 بیڈز پر مشتمل عارضی ہسپتال میں 32 رکنی عملہ ذمہ داریاں نبھارہاہے۔لیگ کے دوران کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹنے کے لیےقائم کردہ یہ ہسپتال حکومتِ پنجاب کی جانب سے تیار کیا گیا ہے۔

نیشنل ہاکی اسٹیڈیم لاہور کی عمارت کے گراؤنڈ فلور پر قائم کردہ اس ہسپتال کے تمام تر انتظامات جنرل ہسپتال لاہور کے سپرد کیے گئے ہیں۔ 23 مارچ تک قائم رہنے والے اس ہسپتال میں 5 ڈاکٹرز اور 12 پیرامیڈیکل اسٹاف سمیت کُل 32 ملازمین فرائض انجام دے رہے ہیں۔

32 رکنی عملہ میں سینئر جنرل فزیشن، جنرل فزیشن، ہارٹ اسپیشلسٹ، آرتھوپیڈک اور آئی اسپیشلسٹ بھی شامل ہیں۔ ہسپتال کے باہر ایک فارمیسی اور ریسکیو کی گاڑی بھی ہمہ وقت موجود رہتی ہے۔

عارضی ہسپتال میں تماشائیوں اور دیگر افراد کے لیے ابتدائی طبی امداد کے علاوہ دیگر علاج معالجے کی سہولت بھی میسر ہے۔ یہاں ٹیسٹ لیبارٹری اور آپریشن تھیٹرکی سہولت بھی میسر ہے۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل کے کامیاب انعقاد کے لیے پاکستان کرکٹ بورڈ اور صوبائی حکومت کا باہمی تعاون جاری ہےجبکہ نیشنل ہاکی اسٹیڈیم لاہور میں قائم کردہ عارضی ہسپتال بھی اس کا منہ بولتا ثبوت ہے۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے میچز کی میزبانی کرنے والے دیگر شہروں میں موجود اسٹیڈیمز کے پاس بھی ابتدائی طبی امداد پر مشتمل عارضی ہسپتال قائم کیے گئے ہیں۔

نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں 6 بیڈز پر مشتمل عارضی ہسپتال کا قیام حنیف محمد ہائی پرفارمنس سنٹر کراچی میں کیا گیا ہے،جہاں آپریشن تھیٹر، فارمیسی اور لیبارٹری سمیت دیگر سہولیات دستیاب ہے۔

راولپنڈی میں 3 بیڈزپر مشتمل عارضی ہسپتال ایرڈ یونیورسٹی میں قائم کیا گیا ہے جہاں 10 ڈاکٹرز اور 4 نرسزذمہ داریاں نبھارہے ہیں۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کی ملتان لیگ کے دوران ملتان کرکٹ اسٹیڈیم میں بھی ایک عارضی ہسپتال قائم کیا گیا تھا۔ 10 بیڈز پر مشتمل ہسپتال ابتدائی طبی امداد کے لیے تمام تر سہولیات سے آراستہ تھا۔

سلمان نصیر، چیف آپریٹنگ آفیسر:

لاہور میں قائم عارضی ہسپتال کا دورہ کرنے کے بعد پی سی بی کے چیف آپریٹنگ آفیسر سلمان نصیر کا کہنا تھا کہ قذافی اسٹیڈیم لاہور سے 200 میٹر کی دوری پرشائقینِ کرکٹ کے لیے طبی سہولیات کی فراہمی پی سی بی کی فینز کو صحت افزاء اور محفوظ ماحول فراہم کرنے کی پالیسی کےعین مطابق ہے۔

چیف آپریٹنگ آفیسر نے کہاکہ وہ ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020 کے دوران حکومتِ پنجاب کی جانب سے اٹھائے گئے اقدامات کے مشکور ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عارضی ہسپتال کا قیام بھی اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

انہوں نے مزید کہا کہ ایچ بی ایل پی ایس ایل کے پانچویں ایڈیشن کے دوران لیگ کے سنسنی خیز میچز دیکھنے کے لیےمداحوں کی بڑی تعداد اسٹیڈیمز کا رخ کررہی ہے۔ سلمان نصیر نے کہاکہ جوں جوں ٹورنامنٹ فیصلہ کن مرحلے کی طرف بڑھ رہا ہے توں توں شائقینِ کرکٹ کا جوش اور ولولہ بھی بڑھتا جارہا ہے۔

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020کے دوران قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کسی بھی ہنگامی صورتحال میں مندرجہ ذیل نمبرز پر رابطہ کریں:

ڈاکٹر رانا شفیق، فوکل پرسن برائے عارضی ہسپتال لاہور: 03334232315
ریسکیو : 1122

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020کے دوران نیشنل اسٹیڈیم کراچی میں کسی بھی ہنگامی

صورتحال میں مندرجہ ذیل نمبرز پر رابطہ کریں:

ڈاکٹر کامران رضوی، فوکل پرسن برائے عارضی ہسپتال کراچی، 03332220760

ایچ بی ایل پی ایس ایل 2020کے دوران پنڈی کرکٹ اسٹیڈیم راولپنڈی میں کسی بھی ہنگامی صورتحال میں مندرجہ ذیل نمبرز پر رابطہ کریں:

ڈاکٹر خالد جنجوعہ، فوکل پرسن برائے عارضی ہسپتال راولپنڈی، 03005151964

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications
E: ibrahim.badees@pcb.com.pk
M: +92 (0) 345 474 3486
W: www.pcb.com.pk

ABOUT THE PCB

The Pakistan Cricket Board (PCB) is the sole governing body for the game of cricket in Pakistan. Its goal is to work in partnership with its stakeholders to promote, develop and grow the game throughout the country.

The PCB's purpose is to maintain and enhance the reputation and integrity of the game, fostering excellence and upholding the spirit of the game. The PCB selects junior and senior national men's and women's cricket teams to represent the country on the global stage, runs high performance cricket centres across the country and plans and organises domestic competitions and international bi-lateral series.

The PCB is committed to developing ground and facility infrastructure, monitoring the implementation of playing codes and regulations, and supporting the game at every level through its high quality training provision for officials and coaches.

Partners

www.psl-t20.com
@thePSLt20
@thePSL
PakistanSuperLeague
@thepsl

PCB Headquarters
Gaddafi Stadium,
Ferozepur Road, Lahore
Pakistan, PO Box 54000
T: +92 42 3571 7231-4